سوال

کیا عورت کے لیے تین انچ اونچی ایڑی والا جوتا پہننا جائز ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کا اونچی ایڑی والا جوتا پہننے کا کم ازکم حکم یہ ہے کہ یہ مکروہ اورناپسندیدہ عمل ہے ، اسے چاہیے کہ ایسا جوتا نہ پہنے ،اس کی وجوہات درج ذیل ہیں :

1-اسمیں دھوکہ ہے ، عورت لمبی معلوم ہوتی ہے ، حالانکہ وہ ایسی نہیں ہوتی ۔

2-اس میں عورت کے گرنے کا خطرہ رہتا ہے ۔

3-ایسا جوتا عورت کی صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہے ، جیسا کہ میڈیکلی طور پر یہ بات ثابت ہے ۔

والله أعلم بالصواب